اسلامک کوئز سیریز




# ختمِ نبوت کورس (حصہ اول)



11 گیارویں جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

ہر اسکول کا مشن ہوتا ہے کہ ان کے فارغ التحصیل طلباء دنیا کے چیلینجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت حاصل کریں۔ حالیہ پرفتن دور میں تو اسکی ضرورت دو چند ہو چکی ہے کہ ہر بچہ/بچی دینی و دنیاوی ہر لحاظ سے نئے نئے فتنوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اس صلاحیت کو اجاگر کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ سوال و جواب کے ذریعے اہم معلومات بہم پہنچانا ہے۔

زیر نظر کتابچہ اسی اسلوب اور مقصد کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخش کر انہیں فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنائے گی۔

ٹائیٹل ڈیزائننگ : محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ام احسن

اشاعت : چہارم

ناشر : اساس انسٹیٹیوٹ

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین ختمِ نبوت کورس (حصہ اول) گیارویں جماعت


موضوع | 01 حقوقِ مصطفیٰ ﷺ 05

مختصر سوالات 06

موضوع | 02 ختمِ نبوت ﷺ 16

مختصر سوالات 17

موضوع | 03 سیرتِ صحابہ رضی اللہ عنہم 26

مختصر سوالات 27

موضوع

01

# حقوقِ مصطفی ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔حقوق کی تعریف کیا ہے اور اسکی اقسام کیا ہیں ۔

2 ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسلمانوں پہ کیا حقوق ہیں۔

3 ۔صحابہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کو کس طرح ادا کیا۔

4 ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق ادا کرنے پہ ان کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے کیا اعزازات دیے گئے۔

5 ۔ہمیں بحیثیت امتی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کس طرح ادا کرنے چاہیئیں ۔

موضوع

# 01 حقوقِ مصطفی ﷺ

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01** | حقوق کی تعریف بیان کریں۔

**جواب:** وہ تمام کام جن کو پورا کرنا یا ادا کرنا ہم پر ضروری ہوتا ہے حقوق کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر02** | حقوق کی اقسام بیان کریں۔

**جواب:** **01** | حقوق اللہ **02** | حقوق العباد

**سوال نمبر03** | حقوق اللہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** بندے کے ذمے اللہ کے وہ حقوق جن کی ادائیگی ضروری ہے حقوق اللہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر04** | حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ تمام کام جو اللہ نے ایک انسان کی طرف سے دوسرے انسان کے ذمے لگائے ہیں حقوق العباد کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر05** | حقوق اللہ کی ادائیگی نہ کرنے پر انسان کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

**جواب:** حقوق اللہ کا معاملہ انسان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے اگر ان میں کمی رہ گئی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر سزا ہے۔البتہ اللہ جس کو چاہیں معاف فرما سکتے ہیں۔

**سوال نمبر06** | حقوق العباد میں کوتاہی کرنے والے کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

**جواب:** حقوق العباد میں اگر کمی رہ گئی تو اللہ اس وقت تک معاف نہیں کریں گے جب تک وہ انسان معاف نہ کردے

جس کا حق ادا نہیں کیا گیا۔

**سوال نمبر 07** | ایک مسلمان پر بڑے حقوق کون کون سے ہیں؟

**جواب:** 01 | اللہ کے حقوق
02 | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق
03 | والدین کے حقوق
04 | رشتہ داروں کے حقوق
05 | ہمسائیوں کے حقوق
06 | دوستوں کے حقوق
07 | معاشرے کے حقوق
08 | اپنی ذات کے حقوق
09 | بہن بھائیوں کے حقوق

**سوال نمبر 08** | حقوق کی ادائیگی کا ذکر کہاں آیا ہے؟

**جواب:** اللہ نے قرآن پاک میں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بے شمار احادیث مبارکہ میں حقوق کی ادائیگی پر بڑا زور دیا ہے۔

**سوال نمبر 09** | حقوق کی ادائیگی کے حوالے سے ایک حدیث مبارکہ بیان کریں؟

**جواب:** مفہوم: **"مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے"۔**

**سوال نمبر 10** | ایک مسلمان حقوق کی ادائیگی کیسے کر سکتا ہے؟

**جواب:** حقوق کی ادائیگی کی پہلی اور بنیادی شرط حقوق کا علم ہے۔ علم کے بغیر حقوق ادا نہیں ہو سکتے۔

**سوال نمبر 11** | حقوق کی ادائیگی کا دنیا میں کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** 01 | آپس میں محبت بڑھتی ہے۔
02 | معاشرے پر امن اور خوشحال ہوتا ہے۔
03 | گھریلو مسائل اور لڑائیاں ختم ہوتی ہیں۔
04 | خاندانی جھگڑے ختم ہوتے ہیں۔
05 | جو دوسروں کے حقوق ادا کرتا ہے تو دوسرے اس کے حقوق ادا کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 12** | ہم پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو حقوق ہیں ان میں سے چند بیان کریں؟

**جواب:** 01 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا۔
02 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا۔
03 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفا کرنا۔
04 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم اور ادب کرنا۔
05 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت کا دل میں ہونا۔
06 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف بیان کرنا۔

07 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع و پیروی کرنا۔

08 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنا۔

09 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی رکھنا۔

10 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی مدد کرنا۔

11 | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کرنا۔

12 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت و ناموس کا دفاع کرنا۔

**سوال نمبر 13 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جو احکامات اور قوانین آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے کر آئے ان تمام کو دل و جان سے قبول کرنا، ان کا اقرار کرنا اور کسی بھی بات میں شک نہ کرنا ایمان کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 14 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** 01 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے برگزیدہ بندے اور رسول ہیں۔

02 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء کے سردار ہیں۔

03 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالمی نبی ہیں۔

04 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں۔

**سوال نمبر 15 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایمان لانے کے حق میں کیا کیا قربانیاں دیں؟

**جواب:** صحابہ کرام کو ایمان لانے کی وجہ سے گھر والوں کی طرف سے، رشتے داروں کی طرف سے، دوستوں کی طرف سے اور قبیلے والوں کی طرف سے بہت تکالیف دی گئیں۔ بہت سی مشکلات پیدا کی گئیں۔ جان سے مار دینے کی بھی دھمکیاں دی گئیں لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے ایمان پر ڈٹے رہے۔

**سوال نمبر 16 |** وہ کون سی ذات مبارکہ ہیں جن کے ذریعے سے انسانوں کے تمام حقوق کا پتہ چلا؟

**جواب:** وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری ذات مبارکہ ہے جنہوں نے ہمیں تمام حقوق کا علم بھی دیا اور عملی طور پر ان حقوق کو ادا کر کے بھی دکھایا۔

۞ **سوال نمبر17** | امت پہ حضور ﷺ کے کتنے حقوق ہیں؟

**جواب:** امت دعوت یعنی غیر مسلموں اور امت اجابت یعنی مسلمانوں پر حضور ﷺ کے بے شمار حقوق ہیں۔

۞ **سوال نمبر18** | حضور ﷺ سے محبت کے حق کو صحابہ نے کس طرح ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنی جان، اولاد، مال، گھر والوں حتی کہ ہر چیز سے زیادہ آپ ﷺ سے محبت کی اور اس انداز میں انکے حق کو ادا کیا کہ صحابہ کے بعد قیامت تک کوئی بھی اس انداز سے اس حق کو ادا نہیں کر سکتا۔

۞ **سوال نمبر19** | حضور ﷺ سے محبت کا کوئی ایک واقعہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگی سے بیان کریں؟

**جواب:** حضرت ام عامر رضی اللہ عنہا ایک انصاری صحابیہ ہیں۔ غزوہ احد میں ان کے والد، شوہر، اور تین بھائی شہید ہوئے جب ان کو ان شہادتوں کے متعلق بتایا گیا تو فرمانے لگیں کہ مجھے حضور ﷺ کے متعلق بتاؤ کہ آپ ﷺ خیریت سے ہیں؟ جب انہیں بتایا گیا کہ آپ ﷺ خیریت سے ہیں اور زیارت کروائی گئ تو فرمانے لگیں کہ حضور ﷺ کے ہوتے ہوئے مجھ پر ہر مصیبت کم ہے۔

۞ **سوال نمبر20** | آپ ﷺ کے ادب کے حق کو صحابہ نے کیسے ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب آپ ﷺ کی مجلس میں بیٹھتے تو اپنے سر جھکا لیتے، آپ ﷺ کی آنکھوں میں، آنکھیں ڈال کر بات نہ کرتے، مجلس میں ادب سے ایسے بیٹھتے جیسے ان کے سروں پر پرندے بیٹھیں ہوں۔ کوئی بات پوچھنی ہوتی تو بہت آہستہ آواز سے پوچھتے، آپ ﷺ کو ذاتی نہیں بلکہ صفاتی نام سے پکارتے، جیسے "یا رسول اللہ"۔ آپ ﷺ کی طرف پشت نہ کرتے، انتہائی خاموشی سے بات سنتے تھے، آپ ﷺ سے منسوب بات کا بھی ادب کرتے تھے۔

۞ **سوال نمبر21** | آپ ﷺ سے محبت اور ادب کے حق کو ادا کرنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** جب بھی آپ ﷺ کا نام مبارک آئے تو درود شریف پڑھنا اور سننا، جہاں بھی آپ ﷺ کا ذکر مبارک ہو تو بات غور، ادب اور توجہ سے سننا اور باوضو ہو کر آپ ﷺ کی ذات مبارکہ کے متعلق گفتگو کرنے سے اس حق کو ادا کر سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر22** | آپ ﷺ کی عظمت کے دل میں ہونے کے حق کو امت اور کیسے ادا کر سکتی ہے؟

**جواب:** ہمیں آپ ﷺ کے اوصاف، اخلاق، معجزات، کمالات اور اللہ کے ہاں آپ ﷺ کے مقام کا علم ہو گا تو آپ ﷺ کی عظمت ہمارے دلوں میں مستقل بڑھتی جائے گی۔ آپ ﷺ کی عظمت کو دلوں میں پیدا کر کے

اس حق کوادا کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

**01** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام مخلوقات میں سب سے افضل اور اولیٰ ہیں۔

**02** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت جنت میں داخلہ کا ذریعہ ہے۔

**03** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء کے سردار ہیں۔ **04** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کروائی گئی۔

**سوال نمبر23** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت و پیروی کرنے کے حق کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے کیسے ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے کامل درجے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت و پیروی کی، ہر کام، عمل اور عبادت کو اسی انداز میں کرنے کی پوری کوشش کرتے جس طرح سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ عمل کرتے دیکھتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر ہر طریقے پہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے سو فیصد عمل کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کو ہر کام پر ترجیح دی۔

**سوال نمبر24** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت و پیروی کے حوالے سے صحابہ رضی اللہ عنہ کا کوئی حوالہ بیان فرمادیں؟

**جواب:** ایک مرتبہ جمعہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف لائے تو لوگوں سے فرمایا بیٹھ جاؤ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس وقت مسجد میں داخل ہونے کیلئے دروازے کے قریب تھے، جیسے ہی ان کے کانوں میں پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز کانوں میں آئی کہ (بیٹھ جاؤ) وہ مسجد میں داخل تک نہ ہوئے وہیں بیٹھ گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس انداز میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت و پیروی کی جس سے وہ دنیا و آخرت دونوں میں کامیاب ہوئے۔

**سوال نمبر25** | آج ہم اطاعت و پیروی کے حق کو کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** اپنی زندگی میں سنتوں پر عمل کر کے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر ادا اور ہر عمل کو اپنا کر، سنت کو زندہ کریں، اپنی تجارت، کاروبار، دکان، وکالت، اور اپنی نوکری، غرض کہ زندگی کے ہر شعبے کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک طریقے، اور سنت کے مطابق کر لیں۔

**سوال نمبر26** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کے متعلق اللہ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ قرآن پاک میں فرماتے ہیں کہ جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی اس نے دراصل اللہ کی اطاعت کی۔

**سوال نمبر27** | دین اسلام کی مدد و نصرت کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** دین اسلام کی مدد و نصرت کے پانچ مراحل ہیں۔

01 | دین کا علم حاصل کرنا۔
02 | علم پر عمل کرنا۔
03 | علم کو آگے لوگوں تک پہنچانا۔
04 | دعوت اسلام دینا۔
05 | دین کے لیے زبان، مال اور جان کے ساتھ جدو جہد کرنا۔

**سوال نمبر 28** | صحابہ نے دین اسلام کی مدد و نصرت کے اس حق کو کیسے ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم ہر موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دین اسلام کے متعلق سوال کرتے، علم سیکھتے اس پر عمل کرتے، اور ان لوگوں تک پہنچاتے تھے جن کو اس بات کا علم نہیں ہوتا تھا اور کفار کو اسلام کی دعوت دیتے تھے۔

**سوال نمبر 29** | درود شریف پڑھنے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اس کا مطلب ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درجات کی بلندی کی دعا کرنا۔ اس عمل سے دعا کرنے والے کے بھی درجات بلند ہوتے ہیں۔

**سوال نمبر 30** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجنے کے متعلق اللہ کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** جیسے دوسرے احکامات ہیں اسی طرح درود شریف پڑھنے کا حکم بھی اللہ نے دیا ہے۔

**"اے ایمان والو! تم بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔"**

**سوال نمبر 31** | اللہ ہی کے لیے محبت اور اللہ ہی کے لیے نفرت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور دوستی رکھنے والوں سے اللہ ہی کے لیے پیار و محبت سے پیش آیا جائے۔ جو لوگ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن ہیں اللہ ہی کے لیے ان سے نفرت اور دشمنی رکھی جائے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایمان کا سب سے مضبوط حصہ یہ ہے کہ اللہ کے لیے دوستی اور اللہ کے لیے دشمنی ہو اللہ کے لیے محبت اور اللہ کے لیے بغض ہو۔ (سنن ابی داوٗد: 4681)

**سوال نمبر 32** | صحابہ کرام و اہل بیت رضی اللہ عنہم سے محبت کے متعلق شریعت میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام و اہل بیت کا تعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہے اسی وجہ سے شریعت میں ان کے متعلق یہ حکم ہے کہ ان سے محبت رکھی جائے اور ان بزرگ ہستیوں کا ادب کیا جائے ان کے اعمال و افعال پر کوئی تنقید نہ کی جائے۔

**سوال نمبر 33** | صحابہ رضی اللہ عنہم کے عمل کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر سونا خیرات کرے گا تو صحابہ کے ایک مد ڈیڑھ کلو (خیرات کو بھی نہیں پہنچ سکے گا اور نہ ہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے ڈیڑھ کلو کے صدقہ کو پہنچ سکتا ہے)۔ (صحیح مسلم: 2540)

۞ **سوال نمبر 34** | صحابہ رضی اللہ عنہم سے بغض کے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو میرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دوستی رکھتا ہے وہ میری دوستی ونسبت کی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دوستی رکھتا ہے اور جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے دشمنی رکھتا ہے وہ میری دشمنی کی وجہ سے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دشمنی رکھتا ہے۔ جس نے میرے صحابہ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی۔ (ترمذی: 3862)

۞ **سوال نمبر 35** | اہل بیت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** آپ ﷺ کی ازواج، آپ ﷺ کی اولاد یعنی چاروں بیٹیاں، ان کی اولاد اور آپ ﷺ کے داماد۔

۞ **سوال نمبر 36** | اہل بیت سے محبت کے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** اہل بیت سے محبت مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہے اس کے متعلق آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**"اللہ سے محبت کرو اس لیے کہ وہ تمہیں اپنی نعمتوں میں سے کھلاتا ہے اور مجھ سے اللہ کی محبت کی وجہ سے محبت کرو اور اسی طرح میرے اہل بیت سے میری وجہ سے محبت کرو"۔**

(اخرجہ الترمذی: 3789)

۞ **سوال نمبر 37** | آپ ﷺ سے وفا کرنے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** آپ ﷺ کے ساتھ وفا کرنے سے مراد ہے کہ جس جس چیز کا تعلق آپ ﷺ کی تعلیمات، احکامات اور ذات کے ساتھ ہے ہر اس چیز کی حفاظت کی جائے اور اس کا دفاع کیا جائے اور اس میں کسی بھی بڑی قربانی سے دریغ نہ کیا جائے۔

۞ **سوال نمبر 38** | صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے ساتھ کیسے وفا کی؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے ساتھ وفا کا حق اس طرح ادا کیا ہے کہ آپ ﷺ کی عزت، محبت میں اپنی اولاد، اپنی جائیداد، اپنے والدین، اپنا خاندان حتی کہ اپنی جان قربان کر کے آپ ﷺ کے ساتھ کامل وفا کی ہے۔

۞ **سوال نمبر 39** | صحابہ رضی اللہ عنہم کا آپ ﷺ کے ساتھ وفا کا کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو اسلام لانے کی وجہ سے تکالیف دی جاتی تھیں۔ لیکن آپ کسی صورت اسلام چھوڑنے کو نہ مانیں۔ بالآخر ابوجہل ملعون نے آپ کو بڑی بے رحمی سے شہید کر دیا لیکن آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفا کا دامن نہ چھوڑا اور جان دے دی۔

**سوال نمبر 40** | حضرت خبیب انصاری رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وفا کیسے کی؟

**جواب:** جب قریش مکہ نے خبیب رضی اللہ عنہ کا گوشت جگہ جگہ سے کاٹ کر ان کو سولی پر لٹکا یا اور پوچھا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ تمہاری جگہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں تو خبیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم مجھے تو یہ بات بھی پسند نہیں ہے کہ میں اہل وعیال میں ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک کانٹا بھی چبھے۔

**سوال نمبر 41** | ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وفا کیسے کر سکتے ہیں؟

**جواب:** دنیا کی ہر چیز اور دنیا کے ہر تعلق پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات، عزت، دین اور تعلق کو ترجیح، اہمیت اور فوقیت دے کر اور اس کا عملی اظہار کر کے آج ہم اس حق کو ادا کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 42** | شہادت کے وقت حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کا امت کو آخری پیغام کیا تھا؟

**جواب:** حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ غزوہ احد میں شہادت کے وقت، یہ آخری پیغام امت کو دیا کہ "اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کچھ ہوا (کوئی تکلیف پہنچی) اور تم میں سے کوئی ایک فرد بھی زندہ رہا تو (کل قیامت کے دن) اللہ کی بارگاہ میں تمہارا کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

**سوال نمبر 43** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کس کس رخ سے کیا گیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع بنیادی طور پر تین طرح سے کیا:

01 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کا دفاع۔
02 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وحرمت کا دفاع۔
03 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت وعقیدہ ختم نبوت کا دفاع۔

**سوال نمبر 44** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارکہ کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** غزوہ احد میں جب کفار نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر حملے کی کوشش کی تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرد حصار باندھ لیا اور کفار سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کی حفاظت کرتے کرتے تقریباً (7) سات صحابہ نے اپنی جانیں

قربان کردیں۔

۞ **سوال نمبر45** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وحرمت کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وحرمت کا دفاع کرتے ہوئے ایک نابینا صحابی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی (ام ولد) کو قتل کردیا۔اپنی جان اور گھر کی کوئی پروانہیں کی۔

۞ **سوال نمبر46** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عقیدہ ختم نبوت کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** مسیلمہ کذاب جس نے جھوٹا دعویٰ نبوت کیا تھا اس کے دربار میں حضرت حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کے جسم کے ٹکڑے کیے گئے اور انہیں شہید کردیا گیا۔لیکن انہوں نے عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت کی اور اپنی جان دے دی۔

۞ **سوال نمبر47** | عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کس میدان میں کیا گیا اور اس میں کتنے صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

**جواب:** عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کرتے ہوئے 1200 صحابہ رضی اللہ عنہم نے یمامہ کے میدان میں اپنی جانیں قربان کردیں جن میں 700 صحابہ رضی اللہ عنہم حافظ قرآن اور 70 بدری صحابہ رضی اللہ عنہم تھے۔

۞ **سوال نمبر48** | ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کیسے کرسکتے ہیں؟

**جواب:** ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وحرمت اور عقیدہ ختم نبوت کے متعلق لوگوں کے عقائد ونظریات کی اصلاح کرکے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس حق کو ادا کرسکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر49** | ہمیں ان باتوں کو دوسروں تک پہنچانے کا کیا فائدہ ہوگا؟

**جواب:** ہمیں ان باتوں کو دوسروں تک پہنچانے میں بے شمار فائدے حاصل ہوں گے جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

**01** | دنیا میں اللہ اس کی وجہ سے عزت دیں گے۔

**02** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہمارے دلوں میں مزید بڑھ جائے گی۔

**03** | آخرت میں ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔

**04** | ہمارے مسلمان بہن بھائیوں کا اور ہماری نسلوں کا ایمان محفوظ ہوگا۔انشاءاللہ

۞ **سوال نمبر50** | ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کرنے کے لیے کن کن ذرائع کو استعمال کرسکتے ہیں؟

**جواب:** آج ہم پرنٹ میڈیا یعنی قلم کے ذریعے،سوشل میڈیا کے ذریعے اور الیکٹرانک میڈیا کو استعمال کرکے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کر سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر51** | عالم کفر کیا چاہتا ہے اور بحیثیت مسلمان ہماری کیا ذمہ داری ہے؟

**جواب:** عالم کفر مل کر تمام اسباب اور ذرائع استعمال کر کے ہمارے دلوں سے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کو نکالنا چاہتا ہے۔ اب ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واقعات کو بیان کر کے اپنے اور تمام مسلمانوں کے دلوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کو بھر دیں اور مستقل اس کو بڑھاتے چلے جائیں۔

موضوع

# 02

# ختمِ نبوت ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔ایمان کی تعریف اور اسکی اہمیت کیا ہے

2۔کفر کی تعریف کیا ہے اور اس سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔

3۔ختم نبوت سے متعلقہ بنیادی معلومات کیا ہیں۔

4۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مہدی علیہ الرضوان سے متعلقہ ضروری معلومات کیا ہیں۔

5۔فتنہ کیا ہے اور اس سے متعلقہ ضروری معلومات کیا ہیں۔

6۔دور حاضر کا سب سے بڑا فتنہ قادیانیت کیا ہے اور اس کے بنیادی عقائد کیا ہیں

موضوع

02

# ختمِ نبوت ﷺ

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01 |** اللہ تعالیٰ کے لامحدود خزانوں میں سب سے قیمتی خزانہ اور نعمت کیا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کے لامحدود خزانوں میں سب سے قیمتی خزانہ اور نعمت ایمان کی نعمت ہے۔

**سوال نمبر 02 |** ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو عقائد اور احکامات بیان فرمائے ہیں ان تمام عقائد اور امور کو دل سے ماننے اور زبان سے اقرار کرنے کو ایمان کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 03 |** ایمان کی بقاء کن تین چیزوں میں ہے؟

**جواب:** **01 |** عقائد کی پختگی **02 |** اعمال کی پابندی **03 |** فتنوں سے آگاہی

**سوال نمبر 04 |** عقیدہ کسے کہتے ہیں اور دین اسلام میں اس کی کیا حیثیت ہے؟

**جواب:** عقیدہ عربی زبان کے لفظ "عُقْدَہ" سے نکلا ہے جس کے معنی گرہ کے ہیں ایسی مضبوط گرہ جو بندے اور رب کے درمیان ہوتی ہے جسے دنیا کی کوئی لالچ، خوف اور مال وغیرہ توڑ نہ سکے۔

**سوال نمبر 05 |** ایمان کا تعلق عقیدہ کے ساتھ ہے یا عمل کے ساتھ؟

**جواب:** ایمان کا تعلق عقیدہ کے ساتھ ہے اگر عقائد درست ہوں گے تو ایمان درست کہلائے گا اور اگر عقائد میں خرابی آ گئی تو ایمان خراب ہو جائے گا، جبکہ عمل کی قبولیت کا تعلق بھی عقیدے کے ساتھ ہے۔

**سوال نمبر 06** | کفر کی تعریف بیان کریں؟

**جواب:** دین اسلام کے کسی ایک بھی عقیدے یا حکم کا انکار کفر کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 07** | آج کے دور میں کفر کی محنت کا طریقہ کار کیا ہے؟

**جواب:** دشمن اسلام آج کے دور میں مسلمانوں سے صرف عقائد کا انکار کروانے پر محنت نہیں کر رہے بلکہ ان کے ذہنوں میں عقائد واعمال کے متعلق شکوک وشبہات پیدا کر رہے ہیں۔

**سوال نمبر 08** | کن باتوں سے مسلمان کا ایمان چلا جاتا ہے/ یا جا سکتا ہے اور اس کو پتہ بھی نہیں چلتا؟

**جواب:** **01** | اسلام کے کسی عقیدے، حکم یا سنت کا مذاق اڑانے سے

**02** | کفار کی کسی مذہبی رسم یا عمل کی تعریف کرنے سے

**سوال نمبر 09** | دین اسلام میں فتنہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ کفر اور گمراہی جسے اسلام کی شکل میں پیش کیا جائے۔

**سوال نمبر 10** | فتنہ کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

**جواب:** **01** | اسلام کو نقصان پہنچانا **02** | مسلمانوں کا ایمان لوٹنا

**سوال نمبر 11** | فتنہ کفر سے زیادہ مہلک اور خطرناک کیوں ہے؟

**جواب:** چونکہ فتنہ ظاہری طور پر تمام عقائد اور اعمال مسلمانوں جیسے کرتا ہے جس سے مسلمان اس کے کفر اور گمراہی کو نہیں پہچان پاتے اور اس کو اسلام سمجھ کر اپنے عقائد خراب کر بیٹھتے ہیں۔

**سوال نمبر 12** | آخری دور میں فتنوں کی شدت اور کثرت کیسی ہو گی کسی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم یا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** فتنے اس تیزی سے آئیں گے کہ ایک کے ختم ہونے سے پہلے دوسرا آجائے گا۔

**سوال نمبر 13** | اسلام کے چند بڑے عقائد لکھیں/ بتائیں؟

**جواب:** **01** | توحید **02** | رسالت **03** | آخرت

**سوال نمبر 14** | دین اسلام میں اہمیت کے لحاظ سے سب سے بنیادی عقیدہ کونسا ہے؟

**جواب:** رسالت ( کیونکہ تمام عقائد اور اعمال ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے واسطے سے ملے ہیں )

**سوال نمبر 15 |** عقیدہ ختم نبوت کی مکمل تعریف لکھیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ مکمل ہو گیا اور ختم بھی ہو گیا اب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نہ تو کوئی نبی پیدا ہو گا نہ کسی کو نبوت دی جائے گی۔

**سوال نمبر 16 |** عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت واضح کرنے کے لئے قرآن پاک کی کتنی آیات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی احادیث مبارکہ ہیں؟

**جواب:** قرآن پاک کی **100** آیات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی **210** احادیث مبارکہ ختم نبوت کی اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔

**سوال نمبر 17 |** عقیدہ ختم نبوت کی فضیلت میں کوئی بھی ایک واقعہ لکھیں۔

**جواب:** جنگ یمامہ میں ختم نبوت کی حفاظت کرتے ہوئے **1200** صحابہ رضی اللہ عنہم نے جانوں کی قربانی دی جن میں **700** حفاظ اور قرأ صحابہ بھی شامل تھے۔ اس کے علاوہ **70** بدری صحابہ نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

**سوال نمبر 18 |** عقیدہ ختم نبوت کتنا حساس عقیدہ ہے؟

**جواب:** جیسے عقیدہ ختم نبوت کا انکار کرنے والا کافر ہے ایسے ہی عقیدہ ختم نبوت پر شک کرنے والا بھی کافر ہے۔

**سوال نمبر 19 |** عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے قرآن پاک کی کسی ایک آیت مبارکہ کا مفہوم لکھیں۔

**جواب:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔

**سوال نمبر 20 |** عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے کسی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم بیان کریں۔

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت میں **30** جھوٹے پیدا ہونگے ہر ایک کا یہی دعویٰ ہوگا کہ وہ نبی ہے لیکن میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔

**سوال نمبر 21 |** قادیانی طبقہ مسلمانوں پہ اعتراض کرتا ہے کہ ہم نماز، روزہ، کلمہ اور دیگر اعمال مسلمانوں جیسے ہی کرتے ہیں تو پھر ہمیں کافر کیوں کہا جاتا ہے؟

**جواب:** قادیانیوں کو تمام امت مسلمہ نے ان کے اعمال نہیں بلکہ کفریہ عقائد کی وجہ سے کافر قرار دیا ہے۔

**سوال نمبر 22** | قادیانیوں کے کفر کی کتنی وجوہات ہیں؟ اوران کے کفر کی کوئی سی 5 وجوہات لکھیں۔

**جواب:** قادیانیوں کے کفر کی تقریباً 19 بڑی وجوہات ہیں جن میں سے بڑی بڑی یہ ہیں:

01 | مرزا قادیانی کا دعویٰ نبوت ورسالت

02 | اللہ تعالیٰ کی توہینات

03 | قرآن پاک کی توہینات

04 | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہینات

05 | انبیاء علیہم السلام کی توہینات

06 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہینات

07 | صحابہ کرام واہل بیت رضی اللہ عنہم کی توہینات

**سوال نمبر 23** | مرزا قادیانی کا اصل دعویٰ کیا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا کہ وہ خود محمد رسول اللہ ہے جو دین اسلام کی اشاعت کے لئے دوبارہ دنیا میں آیا ہے اور (نعوذ باللہ) پہلے والے محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کئی گناہ افضل بن کر آیا ہے۔

**سوال نمبر 24** | مرزائی طبقہ مسلمانوں والا کلمہ ہی کیوں پڑھتا ہے؟

**جواب:** مرزائی طبقہ مسلمانوں والا کلمہ اس لیے پڑھتا ہے کیونکہ ان کا عقیدہ ہے کہ مرزا قادیانی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے الگ نہیں ہے بلکہ وہ خود محمد رسول اللہ ہے (نعوذ باللہ)

**سوال نمبر 25** | قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

**جواب:** قادیانی دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو مرزا قادیانی کو نبی نہ ماننے کی وجہ سے نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں۔

**سوال نمبر 26** | قادیانی اخلاق کی اصل حقیقت کیا ہے؟

**جواب:** قادیانی مسلمانوں کا ایمان لوٹنے کے لیے اپنے ظاہری اخلاق کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرتے ہیں جیسے شکاری شکار کو پھنسانے کے لیے دانہ ڈالتا ہے تو یہ اس کی رحمدلی نہیں بلکہ شکار کو پھنسانے کی ترکیب ہے۔

**سوال نمبر 27** | قادیانی اخلاق کی اصل حقیقت پہ کوئی حوالہ پیش کریں۔

**جواب:** مرزا قادیانی نے لکھا ہے دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں۔

**سوال نمبر 28** | کفر کی بنیادی طور پر کتنی اقسام ہیں؟

**جواب:** کفر کی تین بنیادی اقسام ہیں۔

**01** | عام کافر **02** | مرتد کافر **03** | زندیق کافر

**سوال نمبر 29** | عام کافر، مرتد کافر اور زندیق کافر کسے کہتے ہیں؟

**جواب: عام کافر:** وہ ہوتا ہے جو اپنی شناخت اپنے مذہب کی بنیاد پر کرائے اور مسلمانوں کو مسلمان تسلیم کرے۔

**مرتد کافر:** وہ ہے جو اسلام کو چھوڑ کر کسی دوسرے مذہب کو قبول کر لے۔

**زندیق کافر:** وہ کافر ہے جو اپنے کفر کو عین اسلام کہے اور اسلام کو کفر کہے۔

**سوال نمبر 30** | قادیانیوں کے ساتھ کس قسم کا تعلق رکھ سکتے ہیں؟

**جواب:** پاکستان بھر کے تمام مسالک کے **1450** سے زائد مفتیان کرام نے متفقہ فتویٰ دیا ہے کہ قادیانیوں کی ذات اور مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے اور ان سے کسی قسم کا تعلق رکھنا ناجائز اور حرام ہے نیز جو ان کے کفریہ عقائد جاننے کے باوجود ان سے تعلق رکھے گا تو (اندیشہ کفر) اس کا ایمان خطرے میں ہے۔

**سوال نمبر 31** | قادیانیوں کی پاکستان میں بڑی بڑی مصنوعات کون کون سی ہیں؟

**جواب:** شیزان کی تمام مصنوعات، پنجاب آئل ملز لمیٹڈ (ذائقہ بناسپتی وکوکنگ آئل، Canolive Oil، راجہ سوپ) beta پائپ، شاہ تاج شوگر ملز، یونیورسل سٹیبلائزر، مشموم کمپنی کی مصنوعات وغیرہ۔

**سوال نمبر 32** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ پاک کے برگزیدہ اور صاحب معجزات پیغمبر ہیں، ان کی ولادت محض اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بن باپ ہوئی۔ یہودیوں نے چاہا کہ ان کو گرفتار کر کے تذلیل کریں اور قتل کرنا چاہا لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ آسمانوں پر اٹھالیا اور وہ قرب قیامت میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے دوبارہ اس دنیا میں نازل ہونگے اور پوری دنیا میں اسلام کو غالب کریں گے۔

**سوال نمبر 33** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قادیانیوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** قادیانیوں کا عقیدہ یہ ہے کہ یہودیوں نے سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گرفتار کیا اور ان کو کانٹوں کا تاج پہنایا، خوب تذلیل کی اور پھر سولی پر چڑھا دیا لیکن وہ سولی پر فوت نہیں ہوئے بلکہ بیہوش ہو گئے تو سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ

السلام کے حواریوں نے ان کو اتارا اور پھر وہ بھاگ کر سری نگر کشمیر کے محلہ خان یار میں آ گئے اور وہیں فوت ہونے کے بعد دفن ہوئے۔ العیاذ باللہ۔

**سوال نمبر 34** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ آنے کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنی نشانیاں بیان کی ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق تقریباً **150** سے زائد نشانیاں بیان کی ہیں۔

**سوال نمبر 35** | سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کچھ نشانیاں بیان کریں؟

**جواب:**
01 | جامع مسجد دمشق کے مشرقی مینار کے قریب نازل ہوں گے۔
02 | دو زرد چادریں پہنے ہوئے نازل ہوں گے۔
03 | دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے نازل ہوں گے۔
04 | حج کریں گے۔
05 | مدینہ طیبہ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حاضر ہونگے۔
06 | دنیا سے جنگ وقتال کا خاتمہ کر دیں گے۔
07 | دنیا سے ٹیکس اور جزیہ ختم کر دیں گے۔
08 | لوگوں میں مال تقسیم کریں گے۔
09 | دجال اکبر کو مقام لُد پر قتل کریں گے۔
10 | اسلام کو پوری دنیا میں غالب کریں گے۔
11 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو مبارک میں دفن ہوں گے۔

**سوال نمبر 36** | مرزا قادیانی کی سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کوئی سی تین توہینات لکھیں/ بتائیں۔

**جواب:**
01 | مرزا قادیانی نے کہا عیسیٰ علیہ السلام بی بی مریم صدیقہ کی بدکاری کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ (نعوذ باللہ)
02 | مرزا نے لکھا کہ عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے۔ (نعوذ باللہ)
03 | مرزا نے لکھا عیسیٰ علیہ السلام بدکار عورتوں کے ساتھ تعلق رکھتے تھے۔ (نعوذ باللہ)

**سوال نمبر 37 |** امام مہدی علیہ الرضوان کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** آپ ﷺ نے بطور پیش گوئی کے قرب قیامت کی بہت سی نشانیاں بیان فرمائی ہیں اور انہی نشانیوں میں سے ایک نشانی حضرت مہدی علیہ الرضوان کا ظہور، ان کی خلافت کا قیام وغیرہ بھی ہے۔ احادیث مبارکہ میں حضرت مہدی علیہ الرضوان کے ظہور سے پہلے اور بعد کے حالات اور ان کا نام، نسب اور حلیہ بھی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 38 |** امام مہدی علیہ الرضوان کی کچھ نشانیاں بیان کریں جو احادیث مبارکہ میں آئی ہیں؟

**جواب:** 01 | امام مہدی علیہ الرضوان کا نام ''محمد'' ہوگا۔

02 | امام مہدی علیہ الرضوان کے والد کا نام ''عبداللہ'' ہوگا۔

03 | امام مہدی علیہ الرضوان کی زبان ''عربی'' ہوگی۔

04 | امام مہدی علیہ الرضوان ''اہل مدینہ'' سے ہوں گے۔

05 | امام مہدی علیہ الرضوان ''سید'' ہوں گے۔

06 | امام مہدی علیہ الرضوان کے پاس آپ ﷺ کا ''کرتہ مبارک'' اور ''تلوار مبارک'' بھی ہوگی۔

**سوال نمبر 39 |** مرزا قادیانی کا بچپن کیسا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی بچپن سے ہی آوارہ اور چور تھا۔ اس کا بیٹا لکھتا ہے کہ مرزا قادیان کے چھپڑوں میں تیرا کی کیا کرتا تھا۔

**سوال نمبر 40 |** مرزا قادیانی کی جوانی کیسی تھی؟

**جواب:** مرزا قادیانی پرلے درجے کا عیاش تھا۔ نوجوانی میں ہی اپنے دادا کی پنشن لینے گیا اور سارا پیسہ عیاشی اور بے حیائی کے کاموں میں اڑا دیا اور اسی خوف سے گھر جانے کی بجائے سیالکوٹ کچہری میں معمولی تنخواہ پر ملازم ہو گیا۔

**سوال نمبر 41 |** مرزا قادیانی کی خدمت گزار عورتوں کے نام لکھیں۔

**جواب:** مرزا قادیانی کی خدمت گزار عورتوں کے نام یہ ہیں:

01 | منشیانی　02 | فجو　03 | اہلیہ بابو شاہ دین

04 | بھانو　05 | زینب　06 | ڈاکٹرنی　07 | مہرو

**سوال نمبر 42 |** مرزا قادیانی کے فرشتوں کے نام لکھیں۔

**جواب:** | 01 | ٹیچی ٹیچی | 02 | خیراتی | 03 | مٹھن لال
| 04 | درشنی | 05 | میٹھی روٹی والا فرشتہ

**سوال نمبر 43** | مرزا قادیانی کو شیطانی وحی کس کس زبان میں ہوئی؟

**جواب:** مرزا قادیانی کو انگلش، اُردو، پنجابی، فارسی، الجبرا اور ایسی زبانوں میں وحی ہوئی جن کو خود بھی نہیں جانتا تھا۔

**سوال نمبر 44** | پاکستان کا آئین اور قانون قادیانیوں کو کس چیز سے روکتا ہے؟

**جواب:** پاکستان کا آئین اور قانون قادیانیوں کو شعائر اسلامی (جیسے اذان، نماز، مسجد، قربانی وغیرہ) کے استعمال سے روکتا ہے یعنی قادیانی اپنے مذہب کو اسلام نہیں کہہ سکتے، اپنی عبادت کو نماز نہیں کہہ سکتے، اپنی عبادت گاہ کو مسجد نہیں کہہ سکتے اور نہ ہی اپنے لیئے کوئی اسلامی لقب استعمال کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 45** | قادیانیوں کو شعائر اسلامی سے روکنے والا قانون کیوں بنایا گیا؟

**جواب:** یہ قانون اس لیے بنایا گیا کیونکہ **1974**ء میں کافر قرار دیئے جانے کے بعد قادیانیوں نے شعائر اسلامی کا کھلم کھلا استعمال کرنا شروع کر دیا تھا جس سے تمام مسلمان دھوکہ کھا رہے تھے۔

**سوال نمبر 46** | کیا قادیانی پاکستان کے آئین وقانون کو مانتے ہیں؟

**جواب:** پاکستان کے آئین وقانون کو ماننا تو دور کی بات قادیانی مرزے کی بیوی کو امہات المومنین لکھتے ہیں، مرزے کی بیٹی کو سیدۃ النساء (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب) لکھتے ہیں، مرزے کے دوستوں کو صحابہ لکھتے ہیں، مرزے کی شیطانی وحی کو قرآن کا درجہ دیتے ہیں، مرزے کے جانشینوں کو خلیفہ کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 47** | آج کل کے دور میں گمراہی کیوں پھیل رہی ہے؟

**جواب:** اسلامی عقائد کی تفصیلات سے ناواقفیت، فتنوں سے لاعلمی کی وجہ سے گمراہی پھیل رہی ہے۔

**سوال نمبر 48** | تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے سٹوڈنٹس ختم نبوت کا کام کیسے کر سکتے ہیں؟

**جواب:** کوئی بھی اسٹوڈنٹ دوران تعلیم جس بھی ادارے میں تعلیم حاصل کر رہا ہو وہاں اپنے اساتذہ اور سٹوڈنٹس کو ختم نبوت اور قادیانی عقائد سے آگاہ کرتا رہے اور جب کسی پروفیشن کو اپنائے تو اس میں ختم نبوت کے متعلقہ شعبہ کے ذمہ داران سے رابطہ کر کے ختم نبوت کی مستقل محنت کرتا رہے۔

**سوال نمبر 49 |** آپ سوشل میڈیا کو ختم نبوت کے کام کے لیے کس طرح استعمال کر سکتے ہیں؟

**جواب:** ختم نبوت سوشل میڈیا کو جوائن کر کے بھرپور تشہیر کے ذریعے آپ بھی ختم نبوت کے صف اول کے مجاہد بن سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 50 |** بحیثیت مسلمان میرے اوپر ختم نبوت کی کتنی ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟

**جواب:** ختم نبوت پر اپنی جان، مال، وقت اور صلاحیتیں لگانا ہر مسلمان کا اولین فریضہ اور ذمہ داری ہے۔

**سوال نمبر 51 |** قادیانیت کے فتنے کو روکنے کا مؤثر طریقہ کیا ہو سکتا ہے؟

**جواب:** ہر قادیانی ادارہ اپنی آمدن کا مخصوص حصہ قادیانی جماعت کو دیتا ہے لہٰذا ان کی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کروا کر آپ اس فتنے کے خلاف بھرپور کردار ادا کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت حاصل کر سکتے ہیں۔

موضوع

03

# سیرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1۔صحابی کی تعریف کیا ہے

2۔اسلام میں صحابہؓ کی اہمیت کیا ہے۔

3۔قرآن وحدیث میں صحابہ کرامؓ کو کیا اعزازات دیے گئے ہیں۔

4۔افضلیت اور درجات کے اعتبار سے صحابہ کرامؓ کے مختلف گروہ کون کون سے ہیں۔

5۔اہل بیت کون کون ہیں اور صحابہ کرامؓ کا ان سے تعلق کیسا تھا۔

# موضوع

# 03 سیرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

## مختصر سوالات

**سوال نمبر01 | انبیاء علیہم السلام کے بعد کائنات میں سب سے افضل جماعت کون سی ہے؟**

**جواب:** انبیاء علیہم السلام کے بعد کائنات میں سب سے افضل جماعت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ہے۔

**سوال نمبر02 | صحابی کسے کہتے ہیں؟**

**جواب:** صحابی اُس شخص کو کہتے ہیں جس نے ایمان کی حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہو اور ایمان پر اُس کی وفات ہوئی ہو۔

**سوال نمبر03 | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا مختصر تعارف بیان کیجیے؟**

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اللہ تعالیٰ کی وہ خاص جماعت ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت اور دین کی مدد و نصرت کے لیے پسند فرمایا۔

**سوال نمبر04 | قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کا تذکرہ کن الفاظ میں فرمایا؟**

**جواب:** قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اجمعین کو اپنے خاص اور منتخب بندے قرار دیتے ہوئے فرمایا ''سلام ہے اُن بندوں پر جن کو اللہ نے چن لیا''

**سوال نمبر05 | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعداد کتنی ہے؟**

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعداد تقریباً ''ڈیڑھ لاکھ'' کے قریب ہے۔

**سوال نمبر06** | سب صحابی مرتبے میں برابر ہیں یا کم زیادہ؟

**جواب:** صحابہ کے مرتبے آپس میں کم زیادہ ہیں لیکن تمام صحابہ باقی اُمت سے **افضل** ہیں۔

**سوال نمبر07** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سب سے **افضل** صحابی کون سے ہیں؟

**جواب:** تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں چار صحابی سب سے **افضل** ہیں جن کے نام بالترتیب یہ ہیں۔

01 | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

02 | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

03 | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

04 | حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر08** | ہجرت کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دین کی خاطر ایسے علاقے کو چھوڑ دینا جہاں دین پر عمل کرنا مشکل ہو ہجرت کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر09** | مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنہوں نے دین کی خاطر مدینہ ہجرت کی مہاجرین صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر10** | انصار صحابہ رضی اللہ عنہم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنہوں نے دین کی خاطر ہجرت کرنے والے صحابہ کی اپنی جان و مال سے مدد و نصرت کی انصاری صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر11** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار مدینہ سے بیعت لیتے ہوئے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری جان میری جان ہے تم میرے ہو میں تمہارا ہوں۔ جس سے تمہاری جنگ ہے اُس سے ہماری جنگ ہے جس سے تمہاری صلح ہے اُسی سے ہماری صلح ہے۔ اس پر انصاری صحابہ بہت خوش ہوئے۔

**سوال نمبر12** | عشرہ مبشرہ صحابہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جنتی ہیں لیکن وہ دس رضی اللہ عنہم جن کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہی مجلس میں نام لے کر جنت کی بشارت دی عشرہ مبشرہ صحابہ کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر13** | عشرہ مبشرہ صحابہ کے نام لکھیں/ بتائیں۔

**جواب:**

| | |
|---|---|
| 01 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 02 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ |
| 03 حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 04 حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ |
| 05 حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ | 06 حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ |
| 07 حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ | 08 حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ |
| 09 حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ | 10 حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ |

**سوال نمبر14** | کاتبین وحی کن کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن کریم واحادیث کو لکھنے کے لیے ایک مستقل اور باقاعدہ شعبہ قائم فرمایا۔اس کام کے لیے جن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مقرر فرمایا اُن کو کاتبین وحی کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر15** | کاتبین وحی کے نام لکھیں/ بتائیں؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحی لکھنے کے لیے جن صحابہ کو مقرر فرمایا اِن میں سے چند مشہور صحابہ کے نام درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| 01 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 02 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ |
| 03 حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | 04 حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ |
| 05 حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ | 06 حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ |

**سوال نمبر16** | اصحاب صفہ کن کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایک چبوترہ صفہ کے نام سے تھا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت ہر وقت وہاں علم دین سیکھنے کے لیے حاضر رہتی ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اصحاب صفہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر17** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب صفہ کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اصحاب صفہ کے بارے میں فرماتے تھے۔مفہوم ہے کہ: یہ صبح وشام خدا کے پاکیزہ اور پاک گھرانوں یعنی مسجدوں میں خدا کا ذکر کرتے رہتے ہیں وہ زمین پر نہایت آہستگی سکون اور تواضع سے چلتے ہیں اکڑتے اور اتراتے ہوئے نہیں چلتے۔قرآن کی تلاوت کرتے ہیں روحیں ان کی دنیا میں ہیں اور دل ان کے آخرت

میں، آخرت کے سوال ان کو کہیں کا فکر نہیں ہر وقت آخرت اور قبر کی تیاری میں ہیں۔

**سوال نمبر 18** | قرآن وسنت کی تعلیمات کو دنیا تک کن شخصیات نے پہنچایا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جیسی بے پناہ محبت کرنے والی جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عطا کی ہے جنہوں نے قرآن وسنت کی تعلیمات کو پوری دنیا تک پہنچایا۔

**سوال نمبر 19** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین اسلام کے لیے کس طرح کی تکالیف کو برداشت کیا؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین اسلام کے لیے سخت سے سخت تکالیف کو برداشت کیا اور بڑی سے بڑی قربانیاں دیں۔ مکہ کی سخت پتھریلی زمین سخت گرم ریت اور آگ کے انگاروں پر قبول اسلام کی وجہ سے سزائیں دی جاتیں۔ لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں ڈال دیا جاتا لوہے کو گرم کر کے سروں کو داغ دیا جاتا اتنا مارا جاتا کہ صحابہ بے ہوش ہو جاتے۔

**سوال نمبر 20** | حدیث مبارکہ میں حکم کی جڑ کس کو قرار دیا ہے؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حدیث مبارکہ میں ارشاد فرمایا کہ حکم کی جڑ اللہ کا خوف ہے۔

**سوال نمبر 21** | صحابہ میں اللہ رب العزت کا خوف وڈر کیسا تھا؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں اللہ رب العزت کا خوف بہت پایا جاتا تھا وہ خوف کی وجہ سے اکثر رویا کرتے تھے۔ چنانچہ سیرت کی کتابوں میں منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اللہ کے خوف سے بہت زیادہ رویا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ آنکھیں ضائع ہو گئیں۔ اسی طرح عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اس قدر روتے تھے کہ ان کے چہرے پر آنسوؤں کے اکثر بہنے کی وجہ سے نشان پڑ گئے تھے۔

**سوال نمبر 22** | صحابہ کی اللہ سے محبت کیسی تھی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اللہ کی محبت اور اطاعت کو تمام چیزوں کی محبت پر مقدم رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ نماز کے وقت اپنی تجارت، دوکانوں کو کھلا چھوڑ کر مسجدوں کی طرف چلے جاتے۔

**سوال نمبر 23** | ایثار کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اپنی ضرورت کو دوسرے کی ضرورت پر قربان کرنے کو ایثار کہتے ہیں۔

**سوال نمبر24 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایثار کا کوئی ایک واقعہ نقل کریں؟

**جواب:** صحابہ کرام کی مکمل زندگی ایثار کا نمونہ ہے۔ وہ اپنی ضروریات کو دوسروں پر قربان کرنے میں دیر نہیں لگاتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ ایک صحابی کو کسی نے بکرے کی سری صدقہ کی انہوں نے خیال فرمایا کہ میرے فلاں ساتھی زیادہ ضرورت مند ہیں اُن کو سری دے دی اُنکو ایک تیسرے صاحب کے متعلق یہی خیال پیدا ہوا حتیٰ کے سات گھروں میں پھر کر وہ سری سب سے پہلے صحابی کے پاس لوٹ آئی۔

**سوال نمبر25 |** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے ایثار کی تعریف کن الفاظ میں بیان فرمائی ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کی اس صفت کو ان الفاظ میں ذکر فرمایا: وہ لوگ (صحابہ کرام) اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں گو کہ ان کے اوپر فاقہ (تنگی) ہی ہو۔

**سوال نمبر26 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کس طرح زندگی گزاری؟

**جواب:** صحابہ کرام نے بالکل سادہ اور اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کمال اطاعت و فرمانبرداری میں زندگی گزاری۔

**سوال نمبر27 |** صحابہ کی نماز کی کیفیت کیسی ہوتی تھی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین خشوع اور خضوع کے ساتھ دنیا سے بے رغبت ہو کر نماز ادا کرتے تھے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ایسے نماز پڑھتے تھے جیسے لکڑی گڑی ہو یعنی بالکل حرکت نہیں کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب خنجر مارا گیا تو تقریباً تین دن زخمی رہنے کے بعد شہید ہو گئے۔ زخمی حالت میں بھی جب ہوش آتا نماز پڑھتے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بدن میں نماز کے وقت کپکپی طاری ہو جاتی۔

**سوال نمبر28 |** قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کس اعزاز سے نوازا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو بے شمار اعزاز عطا فرمائے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کامیاب ہدایت یافتہ اور پکے سچے مومن قرار دیا اور سب سے بڑا اعزاز یہ عطا فرمایا کہ اپنی دائمی رضامندی وخوشنودی کا اظہار دنیا میں "رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ" کے الفاظ سے فرمایا۔

**سوال نمبر29 |** "رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ" کا ترجمہ کیا ہے؟

**جواب:** اللہ صحابہ کرام سے راضی رہے گا اور صحابہ اللہ سے راضی رہیں گے۔

**سوال نمبر30** | کیا اللہ تعالیٰ جن سے دائمی رضامندی کا اعلان کردیں پھر اُن سے ناراض ہوسکتے ہیں؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ تمام کائنات کے خالق ہے۔ وہ ہر چیز کی ابتداء کو جانتے ہیں وہ اپنی دائمی رضامندی کا اعلان ایسے ہی شخص سے متعلق فرمائیں گے جو آئندہ بھی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا کام نہ کرے۔

**سوال نمبر31** | قرآن مجید میں کتنی آیات میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر آیا ہے۔

**جواب:** قرآن مجید میں تقریباً 1200 آیات میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر آیا ہے۔

**سوال نمبر32** | کتنی احادیث مبارکہ میں صحابہ کرام کے فضائل واوصاف بیان کیے گئے ہیں؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تقریباً ''دو ہزار (2000) احادیث مبارکہ'' میں اپنے صحابہ کے فضائل اوصاف اور کمالات کو بیان فرمایا۔

**سوال نمبر33** | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کو کس چیز کی علامت قرار دیا؟

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت رکھنا میری محبت کی علامت ہے۔

**سوال نمبر34** | قرآن وحدیث میں امت مسلمہ کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** قرآن وحدیث میں امت مسلمہ کو صحابہ کرام کا ادب واحترام اور اُن کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

**سوال نمبر35** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا عام اُمت سے کیا امتیاز ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جس مقدس گروہ کا نام ہے وہ اُمت کے عام افراد کی طرح نہیں ہیں بلکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُمت کے درمیان ایک مقدس واسطہ ہونے کی وجہ سے ایک خاص مقام اور عام اُمت سے امتیاز رکھتے ہیں۔

**سوال نمبر36** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے سلوک کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس طرح تلقین فرمائی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''میرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اچھا سلوک کرو'' اور فرمایا: ''میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اکرام کرو'' ایک اور موقع پر فرمایا: ''میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بُرا بھلا نہ کہو''۔

**سوال نمبر37** | کس نبی کی مکمل سیرت محفوظ ہے؟

**جواب:** ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکمل سیرت، احوال اور واقعات محفوظ ہیں۔

**سوال نمبر 38 |** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال وافعال کی حفاظت کن لوگوں نے کی؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ محبت ایسی تھی کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکمل سیرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک ایک کلمے حدیث اور فعل کی حفاظت اپنی جان سے زیادہ کی۔

**سوال نمبر 39 |** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی کیا فضیلت بیان فرمائی؟

**جواب:** حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے ”ستارے آسمانوں کی امان کا سبب ہیں جب ستارے ختم ہوں گے تو قیامت آجائے گی“ آگے فرمایا: ”میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میری امت کے لیے امان کا سبب ہیں۔ جب یہ ختم ہوجائیں گے تو اختلافات بڑھ جائیں گے“۔

**سوال نمبر 40 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق اسلامی عقیدہ یہ ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام مخلوق سے افضل ہیں وہ انبیاء کی طرح معصوم تو نہیں لیکن محفوظ ہیں۔

**سوال نمبر 41 |** ایک عام صحابی رضی اللہ عنہ کا عمل باقی مسلمانوں سے کتنا افضل ہے؟

**جواب:** حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ گزارا ہوا ایک لمحہ ایک عام مسلمان کی تمام عمر کے اعمال سے افضل ہے۔

**سوال نمبر 42 |** امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے نفرت رکھنے والے شخص کے متعلق کیا فرمایا؟

**جواب:** امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جس شخص کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی کے متعلق نفرت ہو اُس کا ایمان خطرے میں ہے۔

**سوال نمبر 43 |** خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دورِ حکومت میں لوگوں کو کس بات پر پابند کیا؟

**جواب:** حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک مکتوب میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مقام کی وضاحت کرتے ہوئے لوگوں کو پابند کیا کہ تمہیں چاہیے کہ اپنے لیے وہی طریقہ اختیار کرلو جس کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے لیے پسند کرلیا تھا۔

**سوال نمبر 44 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ذکر مختصر بیان کریں؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر بے شمار نعمتیں نازل فرمائیں غزوات میں فرشتوں کے ذریعے مدد فرمائی سخت دھوپ میں بادل سایہ کرتے تھے۔ رزق میں برکت عطا فرما دی۔ دنیا میں حکومت عطا فرمائی سب سے بڑھ کر ان کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت و محبت عطا فرمائی اور براہ راست آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے فیض و تربیت حاصل کرنے کا موقع عطا فرمایا۔

**سوال نمبر 45 |** اہل بیت سے کون مراد ہیں؟

**جواب:** اہل بیت لغت میں گھر کے افراد کو کہتے ہیں۔ جب کہ شرع میں اہل بیت سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گھر والے ہیں جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیاں، نواسے، اور خلفاء راشدین شامل ہیں۔

**سوال نمبر 46 |** جنت میں اُن لوگوں کے سردار کون ہوں گے جو دنیا میں بڑی عمر میں وفات پا گئے تھے؟

**جواب:** حضرت علی کرم وجہہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ”جنت کے بزرگوں کے سردار حضرت ابوبکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما ہوں گے“۔

**سوال نمبر 47 |** جنت کی عورتوں کی سردار کون ہوں گی؟

**جواب:** جنت کی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہوں گی۔

**سوال نمبر 48 |** جنت کے نوجوانوں کے سردار کون ہوں گے؟

**جواب:** جنت کے نوجوانوں کے سردار حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما ہوں گے۔

**سوال نمبر 49 |** قرآن مجید میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی آپس کی محبت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا گیا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بہت سی صفات کو ذکر کرتے ہوئے ان کی آپس کی محبت کے بارے میں یوں ذکر فرمایا: ”ان میں اخوت و بھائی چارگی قائم ہے“۔ ایک جگہ فرمایا: ”ان میں غم خواری و محبت کا رشتہ موجود ہے“ اور فرمایا ”ان کے قلوب میں نرمی اور الفت پیدا کر دی گئی“۔

**سوال نمبر 50 |** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”یہ دونوں دختر زادے (حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے) ہماری اس عالم کی خوشبو میں سے بہترین خوشبو ہیں“۔

**سوال نمبر 51 |** حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی اہل بیت سے محبت بیان فرمائیں؟

**جواب:** حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اہل بیت سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔ ازواج مطہرات کی رائے کو فوقیت دی جاتی حسنین کریمین کی بڑی قدر و منزلت تھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد آتی تو حسن حسین کو دیکھ لیتے۔

**سوال نمبر 52 |** صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیت رضی اللہ عنہم کی محبت ہمارے لیے کتنی اہمیت کی حامل ہے؟

**جواب:** تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین و اہل بیت رضی اللہ عنہم کی محبت ہمارے ایمان کا مرکز ہے۔ اگر ایمان کا مرکز محفوظ نہیں ہوگا تو ایمان بھی محفوظ نہیں ہوگا۔

# حوالہ جات

موضوع 1

**حقوقِ مصطفیٰ ﷺ**

۞ کتاب الشفاء | قاضی عیاضؒ

موضوع 2

**ختمِ نبوت ﷺ**

۞ ختم نبوت سیشن | تیسر علی

موضوع 3

**سیرتِ صحابہ رضی اللہ عنہم**

۞ مقام صحابہ | مفتی شفیع صاحب

۞ رحماء بینھم | مولانا نافع صاحب

۞ حیاۃ صحابہ | مولانا الیاس کاندھلوی رحمہ اللہ

# LESSON PLANNING FOR FIRST YEAR (XI)

Total topics = 3 Total months = 6 Total weeks = 24

**DISTRIBUTION FOR 6 MONTHS (24 WEEKS)**

**OVERVIEW:**

Week 1 to 6 = Topic 1 with quiz (51 questions)

Week 7 to 12 = Topic 2 with quiz (51 questions)

Week 13 to 18 = Topic 3 with quiz (52 questions)

Week 19 to 21 = Revision weeks

Week 22 to 24 = Grand Quiz Competition among all sections of XI from topic 1 to 3.

**DETAILED DISTRIBUTION**

Number of periods / classes per week = 1 (40 minutes)

### TOPIC 1 : HUQOOQ E MUSTAFA

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK 3 | WEEK 4 | WEEK 5 | WEEK 6 |
|---|---|---|---|---|---|
| Q 1 to 10 | Q 11 to 20 | Q 21 to 30 | Q 31 to 40 | Q 41 to 51 | Class based quiz competition |

### TOPIC 2 : KHATM E NUBUWWAT

| WEEK 7 | WEEK 8 | WEEK 9 | WEEK 10 | WEEK 11 | WEEK 12 |
|---|---|---|---|---|---|
| Q 1 to 10 | Q 11 to 20 | Q 21 to 30 | Q 31 to 40 | Q 41 to 51 | Class based quiz competition |

### TOPIC 3 : SEERAT E SAHABA KIRAM

| WEEK 13 | WEEK 14 | WEEK 15 | WEEK 16 | WEEK 17 | WEEK 18 |
|---|---|---|---|---|---|
| Q 1 to 10 | Q 11 to 20 | Q 21 to 30 | Q 31 to 40 | Q 41 to 52 | Class based quiz competition |

| REVISION WEEKS | | | GRAND QUIZ COMPETITION | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **WEEK 19** | **WEEK 20** | **WEEK 21** | **WEEK 22** | **WEEK 23** | **WEEK 24** |
| Topic 1 | Topic 2 | Topic 3 | Topic 1 | Topic 2 | Topic 3 |